## شگاگو پبلک اسکولز کے طریقہ کار اور رہنما اصول –نیم پیشہ ورانہ معاونت – IEP اور سیکشن 504 پلان

### مقصد

کلاس روم ٹیچر یا متعلقہ سروس کے فراہم کنندگان (RSPs) کے علاوہ، طالب علم کی ذاتی نگہداشت یا طبی، تعلیمی، رویہ جاتی، سماجی، مواصلاتی یا سکول میں دیگر مسائل، اور/یا سکول کی اسپانسر کردہ سرگرمیاں یا تقاریب کے حوالے سے معاونت فراہم کرنے کے لیے نیم پیشہ ورانہ افراد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ IEP/سیکشن 504 ٹیم کا کوئی ممبر، بشمول والدین/سرپرست IEP/سیکشن 504 میٹنگ میں زیر بحث لانے اور اس مشاورت کی معاونت کرنے کے لیے اکٹھا کردہ کیفیتی اور مقداری ڈیٹا کے لیے نیم پیشہ ورانہ معاونت کے لیے درخواست کا آغاز کر سکتے ہیں۔ جب IEP ٹیم تعین کرتی ہے کہ نیم پیشہ ورانہ معاونت درکار ہے، تو ٹیم یہ بھی تعین کرے گی کہ آیا ضرورت کے ہدف کردہ شعبہ(شعبوں) کے اندر وسیع تر خودمختاری حاصل کرنے کے لیے طالب علم کے لیے بنائے گئے متعلقہ قابل پیمائش مقصد کو طالب علم کی IEP میں شامل کرنا مناسب ہو گا۔

### مندرجات

اس پیکٹ میں مندرجہ ذیل دستاویز بندی شامل ہے:

- طریقہ کار - مرحلہ وار تفصیل کہ کس طرح نیم پیشہ ورانہ معاونت پورے ڈسٹرکٹ میں مصروف عمل ہے۔
- کردار اور ذمہ داریاں - نیم پیشہ ورانہ معاونت میں سرشار ہونے کے عمل میں شامل عملے کا کردار اور ذمہ داریوں کا مجموعی تجزیہ
- رہنما اصول - رہنمائی کے اصول جنہیں یہ تعین کرتے وقت زیر غور لاتا جاتا ہے کہ آیا ایک طالب علم کو نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت ہے

**طریقہ کار**

## IEP/سیکشن 504 میٹنگ سے قبل

1. نیم پیشہ ورانہ جواز فارم استعمال کرتے ہوئے نیم پیشہ ورانہ معاونت کی درخواست شروع کریں۔
2. اگر والدین کسی طالب علم کے بارے میں IEP/سیکشن 504 میٹنگ میں بات چیت کرنے کے لئے نیم پیشہ ورانہ معاونت کی درخواست کرتے ہیں، تو *نیم پیشہ ورانہ جواز فارم* استعمال کرتے ہوئے درخواست شروع کریں۔
3. IEP/سیکشن 504 ٹیم کی اس حوالے سے بات چیت کی معاونت کرنے کے لئے کیفیتی اور مقداری ڈیٹا[1] جمع کریں کہ طالب کی ضرورت کو IEP/سیکشن 504 ٹیم کے اسکول اراکین فراہم کر رہے ہیں۔

## IEP/سیکشن 504 میٹنگ میں

4. بات چیت میں سہولت دینے کے لئے IEP/سیکشن 504 ٹیم رہنما اصول کا استعمال کرتے ہوئے طالب علم کی نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کا تعین کرے گی۔
5. IEP کا نیم پیشہ ورانہ معاونت کا سیکشن مندرجہ ذیل سوال کے ساتھ شروع ہوتا ہے: کیا IEP ٹیم کا یہ خیال ہے کہ طالب علم کو عام تعلیم کے نصاب تک رسائی حاصل کرنے یا اپنی سماجی، مواصلاتی، رویہ جاتی یا مطابقت پذیر ضروریات کو پورا کرنے کے لئے نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت ہوگی؟
   a. اگر IEP ٹیم کیفیتی اور مقداری ڈیٹا، دیگر متعلقہ معلومات اور IEP/سیکشن 504 ٹیم بات چیت کی بنیاد پر "نہیں" میں جواب دیتی ہے، تو IEP نشاندہی کرے گی کہ طالب علم کو نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت نہیں ہے۔
   b. اگر IEP کی ٹیم "ہاں" میں جواب دیتی ہے، تو مندرجہ ذیل سوال پوچھا جائے گا: یہ تعین کرنے کے لئے کہ آیا طالب علم کو نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت ہے کیا IEP ٹیم کے پاس کیفیتی اور مقداری ڈیٹا موجود ہے؟
      i. اگر IEP کی ٹیم "نہیں" کا جواب دیتی ہے، تو IEP کہے گا: "جب تک کیفیتی اور مقداری ڈیٹا جمع نہیں کر لیا جاتا ہے نیم پیشہ ورانہ معاونت کے حوالے سے فیصلے کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ اس طرح کا ڈیٹا جمع کیا جانا چاہئیے، اور IEP ٹیم کو پندرہ اسکول کے دنوں میں نیم پیشہ ورانہ معاونت پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے دوبارہ بلانا چاہئیے۔ "
      ii. اگر IEP ٹیم "ہاں" میں جواب دیتی ہے، تو مرحلہ 6 پر آگے بڑھیں۔
6. اگر کیفیتی اور مقداری ڈیٹا، اور IEP/سیکشن 504 ٹیم کی بات چیت نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کی تائید کرتی ہے، تو ٹیم کو پھر IEP/سیکشن 504 میں وضاحت لازمی کرنی چاہئیے۔ (i) کب، کہاں، اور کن کاموں یا سرگرمیوں کے لئے نیم پیشہ ورانہ معاونت مطلوب ہے؛ (ii) کیا نیم پیشہ ورانہ فرد کو فی کام/سرگرمی کے لئے اشتراک یا وقف کیا جائے گا؛ اور (iii) کوئی تربیت یا دیگر معاونتیں جو نیم پیشہ ورانہ فرد کو فراہم کی جانی چاہئیں۔

**نوٹ:** اگر طالب علم کسی کلسٹر پروگرام میں ہے اور اسے محض پروگرامی نیم پیشہ ورانہ افراد کی معاونت کی ضرورت ہے، تو IEP کو مخصوص اشتراک کردہ معاونت کی وضاحت کرنی چاہئیے جو یہ پروگرامی نیم پیشہ ورانہ افراد طالب علم کو فراہم کریں گے۔

---

[1] مقداری اور کیفیتی ڈیٹا یہ تعین کرنے کے لیے درکار ہوتا ہے کہ آیا طالب علم کو درکار نیم پیشہ ورانہ معاونت اس ضرورت(ضروریات) کی بنیاد پر مختلف ہو گی جس کے لیے IEP ٹیم نیم پیشہ ورانہ معاونت کے لیے غور کر رہی ہے۔ ذاتی نگہداشت کے حوالے سے معاونت کے لیے، ٹیم OTs، PTs، ڈاکٹرز وغیرہ، یا عملے یا والدین/سرپرست کے ان پٹ کو زیر غور لا سکتی ہے کہ طالب علم کو معاونت کی ضرورت کیوں ہے۔ رویہ کے حوالے سے معاونت کے لیے، ڈیٹا میں ہدفی رویہ(رویے) (جیسے فرار ہوجانا) ہمراہ ہدفی رویہ(روئیے) کا دورانیہ اور/یا تعدد۔ تعلیم کے حوالے سے متعلقہ معاونت کے لیے، ڈیٹا کو یہ بیان کرنا چاہیے کہ خدشاتی شعبے کا فی الحال کیسے احاطہ کیا جا رہا ہے، درکار شدہ معاونت(معاونتیں) کا دورانیہ اور تعدد (جیسے، طالب علم کی ہر 5 منٹ میں ڈائریکشنز کو دہرانے کی درخواستیں)، اور کلاس روم کے ماحول میں اکیلے ٹیچر کی جانب سے فراہم کی جانے والی درکار شدہ معاونت(معاونتیں) کیوں تجاوز کر جاتی ہیں۔ رویہ جاتی اور تعلیمی دونوں کے لیے، ڈیٹا میں حالیہ اور ماضی کی اصلاح(اصلاحات) اور ان کی اثر پذیری یا فقدان شامل ہونا چاہیے۔

7. IEP/سیکشن 504 کی ٹیم کو *طالب علم کا آزادانہ نیم پیشہ ورانہ پلان* بھی تشکیل دینا چاہیے جس میں ٹیم خود مختاری کو فروغ دینے نیز طالب علم کی تمام متعلقہ ماحول میں پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کو کم کرنے کی حکمت عملیوں کی شناخت کرتی ہے۔

---

**مابعد-IEP/سیکشن 504 میٹنگ**

---

8. اگر IEP/سیکشن 504 ٹیم تعین کرتی ہے کہ نیم پیشہ ورانہ تربیت کی ضرورت ہے، تو مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندے/سیکشن 504 رابطہ کار (جسے "کیس منیجر" بھی کہا جاتا ہے) کو پانچ اسکول دنوں کے اندر دفتر برائے متنوع لرنر سپورٹس + سروسز (ODLSS) ڈسٹرکٹ نمائندہ تک لازمی پہنچنا ہوگا تاکہ نیم پیشہ ورانہ افراد کے لئے مطلوب کسی ٹریننگ کا بندوبست کر سکیں۔

## IEP/504 ٹیم کے

### اسکول اراکین کا کردار اور ذمہ داریاں

*عمومی تعلیم ٹیچر (ٹیچرز)، اسپیشل ایجوکیشن ٹیچر (ٹیچرز)، متعلقہ خدمات فراہم کنندہ (کنندگان)، مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ/سیکشن 504 رابطہ کار*

- طالب علم کی نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ممکنہ ضرورت پر کیفیتی اور مقداری ڈیٹا جمع کریں گے۔
- بات چیت کو سہولت دینے کے لئے رہنما اصول کا استعمال کرتے ہوئے IEP ٹیم کی طلباء کے لئے نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کی تعین کاری میں شرکت کریں گے۔
- IEP/سیکشن 504 ٹیم کی IEP/سیکشن 504 پلان پر بات چیت کو دستاویزی شکل دیں گے۔

### مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ/سیکشن 504 رابطہ کار

- یقینی بنائیں کہ طالب علم کی نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کا تعین کرتے وقت IEP/سیکشن 504 میٹنگ میں، ٹیم جمع کردہ کیفیتی اور مقداری ڈیٹا اور دیگر متعلقہ معلومات کو استعمال میں لاتی ہے۔
- یقینی بنائیں کہ IEP/سیکشن 504 پلان ٹیم کے فیصلے کو دستاویزی شکل دیتا ہے، اور اگر ٹیم تعین کرتی ہے کہ نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت ہے، تو IEP/سیکشن 504 پلان وضاحت کرتا ہے کہ (i) کب، کہاں، یا کن کاموں کے لئے نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت ہے؛ (ii) کیا نیم پیشہ ورانہ فرد کو فی کام/سرگرمی کے لئے اشتراک یا وقف کیا جائے گا؛ اور (iii) کوئی تربیت یا دیگر معاونتیں جو نیم پیشہ ورانہ فرد کو فراہم کی جانی چاہئیں۔
- نیم پیشہ ورانہ کے لئے مطلوب کسی تربیت کو شیڈول دینے کے لئے اسکول کے 10 دنوں کے اندر ODLSS ڈسٹرکٹ نمائندہ سے رابطہ کریں۔

### ODLSS ڈسٹرکٹ نمائندہ

- اسکول کے منتظم، ODLSS، اور/یا متعلقہ اسکول کے کسی اہلکار کے ساتھ نیم پیشہ ورانہ افراد کی کسی بھی ضروری تربیت کا انتظام کرنے کے لئے تعاون کریں۔

### والدین/سرپرست (صاحبان)

- نیم پیشہ ورانہ معاونت کی درخواست شروع کرنے کو IEP/سیکشن 504 میٹنگ میں زیر بحث لانے کے لئے طالب علم کے ٹیچر یا مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کے نمائندہ/سیکشن 504 رابطہ کار سے رابطہ کریں گے۔
- IEP/سیکشن 504 میٹنگ میں طلباء کی نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کے لئے IEP ٹیم کی تعین کاری میں شرکت کریں گے۔

## رہنما اصول

اگر معذوریوں کے حامل طالب علم کلسٹر پروگرام میں ہیں، تو IEP کی ٹیم کو تعین کرنا چاہیے کہ آیا طالب علم کی ضروریات علیحدہ کلسٹر پروگرام میں ٹیچر کے ساتھ پوری کی جا سکتی ہیں اور پروگرامیٹک نیم پیشہ ور(پیشہ ور) پہلے سے کلاس روم کو تفویض کیے گئے ہوں۔ اگر ایسا ہے تو ، IEP پر اس کی نشاندہی کریں۔ اگر طالب علم کو کوئی دیگر بالغانہ معاونت درکار نہ ہو، تو ذیل کی رہنما اصول میں سے کسی کا اطلاق نہیں ہوتا۔ اگر طالب علم کو ذاتی نگہداشت درکار ہو (بشمول میڈیکل) معاونت، تو IEP کی ٹیم ذیل میں رہنما اصول 1 کی بھی پیروی کرنی چاہیے۔ اگر طالب علم کو ٹیچر اور کلاس روم کے لیے تفویض کردہ پروگرامیٹک نیم پیشہ ور(پیشہ وروں) سے ہٹ کر تعلیمی یا رویہ جاتی مسائل کی معاونت درکار ہوتی ہے، تو IEP کی ٹیم کو رہنما اصول 2 اور 3 کی ذیل میں پیروی کرنی چاہیے۔

معذوریوں کے حامل تمام دیگر طلباء کے لیے، IEP/سیکشن 504 ٹیم طالب علم کی پیشہ ورانہ معاونت کی ضروریات کا صرف تب فیصلہ کر سکتی ہے اگر دستاویزات یہ ظاہر ہوتی ہوں کہ درج ذیل رہنما اصول میں سے **ایک یا زائد** کو زیر بحث لایا گیا ہے، اور کیفیتی یا مقداری ڈیٹا اور دیگر متعلقہ معلومات کی بنیاد پر ٹیم کے فیصلے کی تائید کرتا ہو۔

---

### رہنما اصول 1: ذاتی نگہداشت یا طبی حالت

---

طالب علم کے ٹیچر اور متعلقہ سروس فراہم کنندہ طالب علم کی معاونت کے لیے ممکنہ یا تسلسل کی حامل ضرورت، اس سے آگے بڑھاتے ہوئے جو کہ یکساں عمر کے ساتھیوں کے لیے متوقع ہوتی ہے، ان میں درج ذیل میں سے **ایک یا زائد** مخصوص شعبہ(شعبوں) کی معاونت کے حوالے سے دستاویز بندی کرتا ہے:

**A. ٹوائلٹنگ/صفائی ستھرائی**
طالب علم کو حرکت کرنے، منتقل ہونا، پوزیشننگ، ٹوائلٹ/ڈائپر/صفائی کی سرگرمیوں کا آغاز کرنے یا مکمل کرنے کے لیے بالغ کی ڈائریکٹ سروسز کی ضرورت ہوتی ہے، جیسے:
- ٹوائلٹ کے عمل کو مکمل کرنے کا اشارہ اور نگرانی
- ڈائپر یا ٹوائلٹ کا عمل کرنا مثلاً، جب طالب علم:
  - ٹوائلٹ کے تربیت یافتہ نہ ہو؛
  - تربیت یافتہ ہو، لیکن ٹوائلٹ میں اٹھانے میں مدد درکار ہو؛ اور/یا
- ذاتی صفائی سے متعلقہ ٹاسکس کو خود مختارانہ انجام نہ دے سکتا ہو۔

**B. حرکت پذیری**
طالب علم کو سرگرمیوں میں حرکت کرنے یا حرکت برقرار رکھنے کے لیے بالغ کی براہ راست خدمات درکار ہوتی ہیں، جیسے:
- بیٹھنے کی حالت سے کھڑے ہونے کی حالت میں بڑھنے اور/یا کھڑے ہونے کی حالت سے بیٹھنے کی حالت میں جانے؛
- چہل قدمی؛
- حرکت کی وسعت؛ اور/یا
- حرکت پذیری اور/یا بوقت ضرورت حرکت کی تربیت مثلاً، جب طالب علم:
  - وہیل چیئر پر ہو اور آزادانہ طور پر حرکت کرنے سے قاصر ہو؛
  - واکر استعمال کرتا ہو یا آرتھوٹکس پہنتا ہو لیکن آزادانہ طور پر حرکت کرنے سے قاصر ہو؛ اور/یا
  - اندھا یا بصری طور پر معذور ہو اور آزادانہ طور پر حرکت کرنے سے قاصر ہو۔

**C. اٹھنے کا عمل/پوزیشننگ**
طالب علم کو سرگرمیوں میں اٹھنے کے عمل/پوزیشننگ کی سرگرمیوں میں بالغ کی براہ راست خدمات درکار ہوتی ہیں، جیسے:
- طالب علم کو اپنی پوزیشننگ کا اشارہ دینا تاکہ وہ پٹھوں کے کھچاؤ/تکلیف سے بچ سکے؛
- طالب علم کو اپنی پوزیشننگ میں معاونت کرنا تاکہ وہ پٹھوں کے کھچاؤ/تکلیف سے بچ سکے؛
- طالب علم کو ایک پوزیشن سے دوسری پوزیشن میں منتقل کرنا۔

**D. کھانے کا عمل**
طالب علم کو کھانے کی سرگرمیوں میں بالغ کی براہ راست خدمات درکار ہوتی ہیں، جیسے:

- کھانے کی نگرانی اور لقمہ دینا؛ یا
- کھانے کا عمل کرنا مثلاً، جب طالب علم:
  - o اپنے آپ کو کھلانے سے قاصر ہو؛
  - o اپنے آپ کو کھلانے کے لیے ہدایت درکار ہوتی ہو؛ اور/یا
  - o کھانے کی تیاری کے حوالے سے معاونت درکار ہوتی ہو۔

**E. طبی کیفیات کی نگرانی اور دستاویز بندی**
طالب علم کو سرگرمیوں میں طبی یا صحت کی کیفیات کی نگرانی یا دستاویز بندی کے لیے بالغ کی براہ راست خدمات درکار ہوتی ہیں، جیسے:

- دمہ؛
- ذیابیطس؛
- مرگی کا عارضہ؛ یا
- دیگر طبی کیفیات۔

**F. ڈریسنگ**
طالب علم کو ڈریسنگ کی سرگرمیوں میں بالغ کی براہ راست خدمات درکار ہوتی ہیں، جیسے:

- ڈریسنگ کا عمل کرنا مثلاً، جب طالب علم درج ذیل کرنے سے قاصر ہو:
  - o اپنے کپڑے، کوٹ، جوتے یا بوٹس وغیرہ اتارنے یا پہننے سے قاصر ہو؛
  - o آرتھوٹکس پہننے یا اتارنے سے قاصر ہو؛ اور/یا
  - o بٹن لگانے یا بٹنز، سنیپس، یا زپرز کو بند کرنے سے قاصر ہو۔

**G. دیگر روزمرہ کی رہنے کی مہارتیں**
طالب علم کو اوپر غیر فہرست شدہ روزانہ کی دیگر سرگرمیوں کے لیے بالغ فرد کی جانب سے براہ راست خدمات درکار ہوتی ہیں۔

---

## رہنما اصول 2: تعلیمی معاونت

---

رہنما اصول 2 کی بنیاد پر پیشہ ورانہ معاونت کے لیے طالب علم کی ضرورت کو زیر غور لانے سے قبل، طالب علم کے ٹیچر اور/یا متعلقہ سروس فراہم کنندہ کودرج ذیل کے لیے مقداری اور کیفیتی ڈیٹا اکٹھا کرنا چاہیے:

- ہر موضوعی شعبہ (جیسے انگریزی/لینگوئج آرٹس، ریاضی، سائنس، وغیرہ) جس میں ہر ماحول میں (جیسے عمومی تعلیمی کلاس، علیحدہ کلاس، اور کمیونٹی، جہاں قابل اطلاق ہو) ہر موضوعی شعبے کے لیے نیم پیشہ ور مطلوب ہو؛ اور/یا
- ماحول کے قطع نظر تحقیق کی کلاسیں۔

طالب علم کے ٹیچر یا RSP، بشمول انگریزی سیکھنے والے طالب علم کے لیے دو زبانی تجویز کردہ عملے، کو طالب علم کی درج ذیل مخصوص شعبہ(شعبوں) میں سے **<u>ایک یا زائد</u>** میں معاونت کے لیے درکار ممکنہ اور مکرر ضرورت کا مقداری اور کیفیتی ڈیٹا فراہم کرنا چاہیے:

**A. ٹیچر کی جانب سے پہلے سے فراہم کردہ تدریس کی تقویت**
طالب علم کو تدریس کے دوران براہ راست معاونت کی ضرورت ہوتی ہے جیسے:

- تفویض کردہ کام کے حوالے سے کثرت سے اضافی وضاحت؛
- ہاتھ سے معاونت، تنظیمی معاونت، یا سکول کی سرگرمیوں کے دوران دیگر معاونت؛ اور/یا
- صلاحیتوں کی مشق اور دوہرائی

**B. ہدایات کا جائزہ**
طالب علم کو ہدایات کی پیروی کرنے یا سمجھنے کے لیے براہ راست معاونت درکار ہوتی ہے، جیسے:

- اپنے الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے ہدایات کی دہرائی؛
- ہدایات کو قابل انتظام ٹکڑوں میں بانٹنا؛ اور/یا
- ایک سے زائد فارمیٹ میں ہدایات فراہم کرنا (زبانی، بصری، تحریری، اشارہ جاتی)۔

**C. ٹاسکس کی تکمیل**
طالب علم کو ٹاسکس مکمل کرنے کے لیے براہ راست معاونت کی ضرورت ہوتی ہے جیسے:

- متوقع تاریخ/وقت کے ساتھ مکمل کی جانے والی اسائنمنٹس یا ٹاسکس کی شناخت کرنا؛
- ہر ٹاسک/اسائنمنٹ کو چھوٹے ٹاسکس میں تقسیم کرنا؛
- سرخی یا سادہ چیک لسٹ بنانا؛ اور/یا
- اسسٹیو ٹیکنالوجی کو تشکیل دینا اور/یا استعمال کرنا۔

**D. ٹاسک میں مشغول رکھنا/چالو رکھنا**
طالب علم کو ہدایات کی براہ راست ترسیل درکار ہوتی ہے، جو اس امکان کو تقویت دیتی ہےکہ طالب علم درست جواب دے گا اور غلطیاں ہونے کے امکان کو درج ذیل صورتوں میں گھٹاتی ہے، جیسے:

- **آس پاس ہونے کی ترغیب کاری**، جس میں اپنے آپ کو یا شے کو طالب علم کے قریب مخصوص جگہ پر رکھتے ہوئے مطلوبہ رویے کی حوصلہ افزائی کرنا؛
- **اشاراتی ترغیب کاری**، جو مطلوبہ رویے جیسے اشارہ کرنا، سر ہلانا، یا حرکت دینا جیسے ڈائریکٹ یا ان ڈائریکٹ جسمانی اشاروں کے استعمال پر مشتمل ہوتا ہے؛
- **زبانی ترغیب کاری**، جو کہ ڈائریکٹ یا ان ڈائریکٹ اشارہ یا ہدایت ہے جو کہ طالب علم کے عمل یا ردعمل کے دوران یا پہلے زبانی طور پر دی جاتی ہے۔ اس میں مکمل زبانی ہدایات اور جزوی زبانی ہدایات (جیسے، مطلوبہ رویے کے صرف جزوی زبانی ماڈلز)؛ شامل ہو سکتے ہیں؛
- **بصری ترغیب کاری**، جو کہ تصاویر، علامات اور متن جیسے بلاواسطہ یا بالواسطہ اشاروں کے استعمال میں طالب علم کو درست طور پر ردعمل دینے معاون ہو سکتا ہے؛ اور/یا
- **جسمانی ترغیب کاری**، جس میں مکمل جسمانی معاونت شامل ہو سکتی ہے (جیسے، جب بچے کو کپ اٹھانے کی ہاتھ کے ذریعے معاونت، ٹیچر بچے کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لیتی/لیتا ہے اور اسے اٹھانے کے لیے رہنمائی کرتا ہے) جزوی جسمانی معاونت (جیسے بچے کو کپ اٹھانے کے لیے تعلیم دی جا رہی ہو، تو ٹیچر اپنی کہنی کو تھپتھپاتے ہوئے بچے کے ہاتھ کو کپ تک لے جاتی/جاتا ہے)۔

**E. مواصلت/بات چیت**
طالب علم کو براہ راست مواصلتی معاونت کی ضرورت ہوتی ہے جیسے:

- بصری معاونت، جو سوالات کا جواب دینے، معلومات فراہم کرنے، اور سماجی میل جول میں مشغول رکھنے کے لیے طالب علم کی معاونت میں تصویر کی فراہمی پر مشتمل ہوتی ہے؛
- مواصلت کے متعدد ذرائع (جیسے علامتی زبان، زبانی، سماعتی، تحریری اور بصری آلات وغیرہ) کے لیے طلباء کی مکمل مواصلاتی معاونت؛ اور/یا
- اضافتی مواصلتی ڈیوائس کی معاونت، جو کہ طالب علم کو ڈیوائس کے استعمال یا مواصلاتی سسٹم میں معاونت کرتی ہے۔ یہ نگرانی پر مامور عملے جیسے پیشہ ورانہ تھیراپسٹ (OT)، اسپیچ لینگوئج پیتھالوجسٹ (SLP) اور/یا ٹیچر کی جانب سے سر انجام دیا جائے گا۔

**رہنما اصول 3: رویہ (بشمول سلامتی اور سماجی معاونت)**

اگر تعلیمی اور رویہ جاتی وجوہات دونوں کے لیے کلاس روم کے ماحول کے اندر نیم پیشہ ورانہ معاونت درکار ہوتی ہے، تو رہنما اصول 2 میں بیان کردہ مقداری اور کیفیتی ڈیٹا میں رویہ جاتی ڈیٹا بھی شامل ہونا چاہیے۔

اگر نیم پیشہ ورانہ معاونت کو تعلیمی وجوہات کے لیے نہیں بلکہ صرف رویہ جاتی وجوہات کے لیے زیر غور لایا جاتا ہے، تو طالب علم کا ٹیچر اور/یا متعلقہ سروس فراہم کنندہ کو طالب علم کی درج ذیل مخصوص معاونت کے شعبے(شعبوں) میں **ایک یا زائد** میں معاونت کے لیے ممکنہ یا مکرر ضرورت کی دستاویز بندی کرتے ہوئے مقداری اور کیفیتی ڈیٹا کو اکٹھا کرنا چاہیے:

**A. جسمانی جارحیت**

طالب علم، جیسا کہ طالب علم کے رویئے کی اصلاحات کا منصوبہ BIP میں بیان کیا گیا ہے:

- اپنی حفاظت کے لیے خطرے کا باعث ہے؛
- دوسروں کی حفاظت کے لیے خطرے کا باعث ہے؛ اور/یا
- اسکول کی املاک یا سکول میں عملے کی املاک کے لیے خطرے کا باعث ہے؟

**B. سلامتی/نگرانی**

طالب علم کو BIP میں مذکور طور پر طالب علم کے اپنی ذات یا دوسروں کو سرگرمیوں کے دوران ممکنہ نقصان پہنچانے کے خطرے کا احاطہ کرنے کے لیے براہ راست نگرانی کی ضرورت ہوتی ہے، جیسے:

- آف سائٹ سفر، غیر ڈھانچہ شدہ ماحول وغیرہ؛
- کلاس روم کے اندر منتقلی؛
- اسکول کے ماحول میں منتقلی؛ اور/یا
- طالب علم:
  - o اجازت کے بغیر مقرر کردہ جگہ کو چھوڑ دیتا ہے؛
  - o اجازت کے بغیر سکول کی عمارت کو چھوڑ جاتا ہے (فرار ہونا)؛ اور/یا
  - o ناقابل کھانے کی اشیاء کو کھانے کی کوشش کرتا ہے۔

**C. مناسب سماجی میل جول کو ماڈل اور/یا سہل کرنے کے لیے سماجی معاونت**

طالب علم کومناسب طور پر سماجی میل جول میں مشغول ہونے کے لیے براہ راست معاونت کی ضرورت ہوتی ہے جیسے:

- رویہ جاتی، ذاتی، اور سماجی مواصلاتی صلاحیتیں کی تقویت؛
- مناسب طور پر سماجی گفتگو میں شامل ہونے، چھوڑنے، تبصرہ کرنے اور شرکت کرنے اور رویے کی بناوٹ کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے ضروری صلاحیتوں کی نمونہ سازی؛ یا
- نئی صلاحیتوں (جیسے خود آگہی، تنازع کا تصفیہ، سماجی میل جول وغیرہ) کے استعمال میں تقویت دینا۔

## نیم پیشہ ورانہ اکثر پوچھے جانیوالے سوالات

**1. IEP/سیکشن 504 ٹیم کیسے تعین کرتی ہے کہ کیا ڈیٹا اشتراک کردہ یا وقف شدہ نیم پیشہ ور کی معاونت کرتا ہے؟**

ہر ایک علیحدہ کیس کی بنیاد پر، اجلاس میں تجزیہ اور گفتگو کے ذریعے IEP/سیکشن 504 ٹیم تعین کرتی ہے کہ کیا کیفیتی اور مقداری ڈیٹا اشتراک کردہ یا وقف شدہ نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کی تائید کرتا ہے۔ اس فیصلے میں ایک اہم عنصر یہ ہے کہ آیا فراہم کی جانے والی معاونت ایک ایسی معاونت ہے جو ایک ہی وقت میں یا ایک ہی کلاس کی مدت کے دوران متعدد طلباء کو فراہم کی جا سکتی ہے۔

**2. نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کا کون تعین کرتا ہے؟**

IEP/504 ٹیم، بشمول والدین، کیفیتی اور مقداری اعداد و شمار کا تجزیہ کرنے اور ان پر بات چیت کرنے کے بعد نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کا تعین کرتے ہیں۔

**3. اگر IEP/سیکشن 504 ٹیم ایک طالب علم کی نیم پیشہ ورانہ معاونت کی ضرورت کے حوالے سے اتفاق رائے حاصل نہیں کر سکی تو کیا ہوگا؟**

IEP کی ٹیم کو ایک عمومی معاہدے کے تیئں کام کرنا چاہئیے لیکن ڈسٹرکٹ حتمی طور پر ذمہ دار ہے کہ IEP میں مفت مناسب پبلک ایجوکیشن (FAPE) وصول کرنے کی ضروری خدمات شامل ہوں۔ اکثریت "ووٹ" کی بنیاد پر IEP فیصلے کرنا مناسب نہیں ہے۔ IEP کے اجلاس میں جب ٹیم اتفاق رائے تک نہیں پہنچ سکی، تو ڈسٹرکٹ کا نمائندہ، جو یا تو مقامی اسکول ڈسٹرکٹ نمائندہ یا ODLSS ڈسٹرکٹ نمائندہ ہے، جو ٹیم کے اتفاق رائے پر نہ پہنچنے پر ڈسٹرکٹ کی جانب سے نیم پیشہ ورانہ معاونت کے متعلق حتمی تجویز پیش کرے گا۔

سیکشن 504 کے اجلاس میں جب ٹیم اتفاق رائے تک نہیں پہنچ سکی، تو سیکشن 504 رابطہ کار یا ODLSS ڈسٹرکٹ کا نمائندہ ٹیم کے اتفاق رائے تک نہ پہنچنے پر ڈسٹرکٹ کی جانب سے نیم پیشہ ورانہ معاونت کے حوالے سے حتمی تجویز پیش کرے گا۔